تاریخ الجامعہ

جماعتی خبریں

محمد ایوب غلام

1-4-09 جمعیت طلباء جامعہ کا تعلیمی سال 2009 کے تربیتی پروگراموں کے لیے جمعیت طلباء کا انتخاب ہوا، جس میں درج ذیل عہدیداران منتخب ہوئے: امیر: عبدالباسط عبدالرحمن، نائب: محمد حسین محمد، سیکرٹری: حافظ عبداللہ شریف الدین، نائب: شبیر عبداللہ، خازن: حافظ عبدالجلیل، نائب: سلیم اللہ خان، ناظمین صلاۃ: اسداللہ، حبیب الرحمن، حافظ عمر سالک، ابراہیم

13-4-09 جمعیت طلباء کا افتتاحی جلسہ زیر صدارت الشیخ حافظ عبیدالرحمن مدنی کلیۃ الشریعہ میں منعقد ہوا۔ مہمانان گرامی الشیخ عبدالرحمن حنیف، الشیخ محمد ابراہیم علی الخطیب، مفتی بلال احمد اور الشیخ عبدالباقی خان تھے۔ ممتاز اساتذہ کرام نے خطاب کیا، الشیخ ثناء اللہ سالک کے دعائیہ کلمات کے ساتھ یہ بابرکت جلسہ ختم ہوا۔

23-4-09 جماعت کے ایک نوجوان کارکن ماسٹر عبدالرشید شریفی یوگوی موٹرسائیکل حادثے میں اللہ کو پیارے ہوگئے۔ مرحوم نیک، مہمان نواز، پابند صوم وصلاۃ اور اچھے اخلاق کے حامل تھے۔ پسماندگان میں بیوہ، چار بیٹے، چار بیٹیاں اور تین بھائی ہیں۔

5-09 جمعیت طلباء کا ایک تقریری مقابلہ ''بزم اطفال'' منعقد ہوا، الشیخ عبداللہ ثنائی صاحب نے صدارت کی۔

5-6-09 جامعہ کے دیرینہ محسن الحاج حفیظ اللہ بھٹی کی وفات پر بلتستان کی اکثر جامع مسجد میں غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی اور مرحوم کی مغفرت وبلندی درجات کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

7-6-09 ریسٹ ہاؤس فارم توحید آباد غواڑی میں حلقہ بندی سے متعلق ایک اہم میٹنگ ہوئی، جس میں کریس، کورو، غواڑی، کونیس اور ہریکون سے ہر مکتب فکر کے علماء، سرکردگان اور سیاسی نمائندوں نے شرکت کی۔

17-6-09 قاری محمد ابراہیم میر محمدی کی زیر امارت 10 رکنی تبلیغی وفد نے بلتستان کے مختلف گاؤں میں تبلیغی دورہ کیا۔

23-6-09 برانچ مدارس میں سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔

27-6-09 جناب تنویر کامل صاحب آف کراچی مع فیملی تشریف لائے، فارم اور یونیورسٹی کا دورہ کیا۔